بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پیشکش
ٹیم تجلیات گروپ
پاکستان

طلوعِ سنبلہ (قسط اول)

از افادات سائرؔ واسطی شاہ جمالی غفرلہٗ

ہر قسم کے امراض معدہ ۔ زمین کی پیداوار۔ کمرشل صلاحیتوں کی محرومی ۔ برج سنبلہ کی ناقص تاثیر ۔ گھریلو امور کا منتظم بننا ۔فریب سے نقصان اٹھانے سے تحفظ وغیرہ کا خاص وقت

☆شمس برج سنبلہ میں ۲۳/اگست صبح آٹھ بجکر سولہ منٹ پر تحویل کرے گا اور ۲۳/ستمبر صبح چھ بج کر چار منٹ تک سنبلہ میں ہی رہے گا پھر برج میزان میں چلا جائے گا۔

☆برج سنبلہ کا ستارہ عطارد ہے۔ شمس عطارد کا دوست ہے لیکن عطارد شمس سے مساوی ہے یعنی نہ یہ شمس کا دوست ہے نہ دشمن ۔ عارضی طور پر اوضاع فلکیہ کی مناسبت سے یہ کبھی اس کا دوست بن جاتا ہے اور کبھی

دشمن جیسی صفات کا حامل بن کر نحس تاثیرات دیتا ہے۔

☆برج سنبلہ ذوجدین ہے، عنصر خاک اور جنس مؤنث ہے۔ برج سنبلہ کا نشان ایک لڑکی جو ہاتھ میں گندم کی بالی پکڑے کھڑی ہے۔ یہ برج عشق و محبت اور شادیوں کے حوالے سے مخصوص ہے۔ لہٰذا ہر قسم کے اعمال حب و تسخیر و شادی و نکاح کے اعمال اس کے طلوع میں کرنا انتہائی مفید نتائج کا باعث ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اثراتی اعتبار سے یہ برج تمام دائرۃ البروج میں اہم مقام کا حامل ہے کیونکہ اس برج کا اسی نوے فی صدی حصہ سعد تاثیرات کا حامل ہے۔ یہ واحد برج ہے جو مؤنث ہے۔ اسی بناء پر عورتوں کے حوالے سے جمیع اعمال خاص اسی کے اوقات میں کئے جانا زیادہ مؤثر تسلیم کئے گئے ہیں۔

☆جسم انسانی میں برج سنبلہ پیٹ اور آنتوں سے تعلق رکھتا ہے اس لئے اس کے اوقات خاص میں ان

پیشکش ٹیم تجلیات گروپ پاکستان

امراض میں سے کسی کے لئے بھی روحانی امداد حاصل کی جا سکتی ہے۔

☆برج سنبلہ کا ستارہ عطارد ہے جو علم وفن، عقل و خرد اور فضل و کمال کا ستارہ ہے۔ ادراک و دانشمندی اس کا خاصہ ہے۔

☆مضمون ہذا میں اس وقت خاص کے تین مؤکلات پیش کئے جائیں گے۔ یہ بھی بفضلہ تعالیٰ! تجلیات گروپ کا ہی اعزاز ہے کہ ان مخفی علوم کی وہ معلومات عام کرتا ہے جن کو دور حاضر میں نہ تو کوئی جانتا ہے اور اگر کوئی کچھ جانتا بھی ہے تو بتانے سے گریز ہی کرتا ہے۔ ماضی قریب میں بھی سوائے چند بزرگوں کے ان موضوعات پر کسی نے نہیں لکھا اور اگر کسی نے لکھا بھی تو بہت مختصر۔ برنی صاحب علیہ الرحمہ نے کسی قدر تفصیل سے لکھا تھا۔ فقیر انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مزید تفصیلات پیش کرتا رہے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

☆اس وقت کے مؤکل کا نام لکھ کر کسی مکان میں رکھا جائے۔

پیشکش ٹیم تجلیات گروپ پاکستان

یعنی اس کی بنیادوں میں دفن کردیا جائے اور اگر مکان بن چکا ہو تو دیوار کے نیچے دفن کردیا جائے تو مکان بفضلہٖ تعالیٰ ! آگ لگنے اور گرنے سے محفوظ ہوجائے گا۔

مؤکل اول

یاطالقوح ماطلنوح

ی ا ط ا ل ق و ح م ا ط ل ن و ح

۱۰ ۱ ۹ ۱ ۳۰ ۱۰۰ ۶ ۸ ۴۰ ۱ ۹ ۳۰ ۵۰ ۶ ۸

☆ یہ طلسم تانبہ۔ سونا۔ چاندی یا ٹن پر لوہے کے قلم سے لکھا جاسکتا ہے۔ جو بھی دھات مل سکے اسی پر کندہ کرلیں۔ یا چاروں دھاتوں کو ملالیں تو اور بھی بہتر ہے۔ ورنہ مجبوراً کاغذ پر بھی لکھ سکتے ہیں۔

☆ اگر مندرجہ بالا مؤکل کے اعداد کا ایک مربع نقرہ پر کندہ کیا جائے تو معدہ کے تمام امراض اور ہاضمہ کی تمام خرابیوں کو نفع دیتا ہے۔ وہ خواتین وحضرات جن کو کسی بھی

پیشکش ٹیم تجلیات گروپ پاکستان

قسم کی معدے کی تکلیف ہے وہ اسوقت سے فائدہ اٹھائیں۔

ذیل میں تینوں مؤکلات کے نقوش بھی پیش کئے جارہے ہیں۔

5

☆ یہ لوح ان لوگوں کو بھی فائدہ دے گی جو دوسروں کی ہمدردیاں چاہتے ہیں۔ گھریلو انتظام کو اپنے ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں۔

☆ وہ لوگ بھی اس سے فائدہ اٹھائیں جو آرٹ کے کسی بھی شعبے میں مشہور ہونا چاہتے ہیں۔

☆ نیز وہ لوگ بھی جو زمین کی زراعت اور پیداوار سے دولتمند بننا چاہتے ہیں۔

☆ وہ لوگ جو کمرشل صلاحیتوں سے محروم ہیں ان کو بھی اس لوح کو پہننے کی سفارش کی جاتی ہے۔ بشرطیکہ سونے پر بنا سکیں۔ یا چاندی پر بنا کر سونے کا پانی چڑھوالیں۔

☆ وہ لوگ جن کا برج سنبلہ ہے یعنی ۲۳/اگست تا ۲۱/ستمبر کے درمیان پیدا ہوئے ہیں۔ اور برج کی ناقص تاثیر رکھتے ہیں۔ ان کو چاہئے کہ تانبے پر کندہ کر کے پاس رکھیں۔ اس سے وہ خوش

بخت ہو جائیں گے۔ زندگی میں اعلیٰ کامیابیاں حاصل ہونگی۔ اور بدقسمتی کے اثرات ان سے دُور ہو جائیں گے۔ نیز سنبلی لوح ہر اس شخص کو بھی مفید رہے گی جو لوگوں سے دھوکا کھا سکتے ہیں یا کھا چکے ہیں یا اکثر دھوکہ کھاتے رہتے ہیں اور ہمیشہ نقصان اٹھاتے ہیں۔ مستقبل کی حفاظ لوح سنبلہ سے ہی ہو سکتی ہے۔

6

☆ وہ لوح یہ ہے۔ اسے آتشی رفتار سے لکھیں۔ ساتھ رفتار بھی پیش کی جارہی ہے۔ آسان طریقہ ہے کہ پہلے ایک سے آٹھ تک ترتیب سے اعداد لکھیں۔ پھر ۱۴۶ سے ۱۵۴ تک بالترتیب اعداد لکھ دیں تو آتشی رفتار سے پر ہو جائے گا۔

☆ اس نقش میں ۱۵۰ کا ہندسہ نہیں ہے اس کی جگہ ۱۵۱ لکھا ہے یعنی خانہ نمبر ۱۳ میں کسر کا ایک عدد بڑھایا گیا ہے۔ میزان اس کا ہر طرف سے ۳۰۹ ہے۔

☆ اگر ان الواح میں سے کوئی بھی لوح تجلیات سے منگوانا ہو تو کاغذ پر لوح کا ہدیہ تین ہزار روپے ہوگا۔ اور چاندی پر سات ہزار روپے ہوگا۔ کسی بھی ایڈمن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆ پہلے مؤکل کی لوح یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۴۸	۱۵۲	۱
۱۵۱	۲	۷	۱۴۹
۳	۱۵۴	۱۴۶	۶
۱۴۷	۵	۴	۱۵۳

مؤکل دوم

یادمشجغبل

ی ا د م ش ج غ ب ل

۳۰۲۱۰۰۰۳۳۰۰۱۹۱۱۰

☆ اس کی لوح یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴۷	۳۵۰	۳۵۳	۳۴۰
۳۵۲	۳۴۱	۳۴۶	۳۵۱
۳۴۲	۳۵۵	۳۴۸	۳۴۵
۳۴۹	۳۴۴	۳۴۳	۳۵۴

پیشکش
ٹیم تجلیات گروپ
پاکستان

☆اس نقش کا میزان ۱۳۹۰/ ہے۔

موکل سوم

یاطفضحغجع

ی ا ط ف ض ح غ ج ع

۷۰ ۳ ۱۰۰۰ ۸ ۸۰۰ ۸۰ ۹ ۱ ۱۰

☆اس کی لوح یہ ہے۔ اس کا میزان ۱۹۸۱/ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۹۶۱	۱
۱۹۶۰	۲	۷	۱۲
۳	۱۹۶۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۹۶۲

☆ان سب نقوش کی آتشی رفتار یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

پیشکش ٹیم تجلیات گروپ پاکستان

فریبِ نظر

☆ بعض لوگ تنگ کرتے ہیں تو ان لوگوں کے مکر و فریب سے بچنے کیلئے یا ہمہ قسم فریب نظر سے محفوظ رہنے کیلئے بفضلہٖ تعالیٰ! یہ طلسم و مؤکل کا نقش ایک نعمت عظمیٰ ہے۔

یَا زُلِثجُغَاقِ

☆ یہ بھی اس وقت کا ایک خاص مؤکل ہے۔ بدھ کے دن اس حرز عظیم کو بنا کر بازو پر باندھ لیں ان شاء اللہ تعالیٰ! عظیم فوائد کا مشاہدہ ہوگا۔ کوئی گستاخی نہ کر سکے گا نہ فریب دے سکے گا نہ دھوکہ دینے کی کوشش کرے گا اگر دھوکہ دیا بھی تو پکڑا جائیگا اور ہر طرح کا مکر و فریب آشکار ہو جائے گا۔ وہ حرز معظم یہ ہے۔ اسے ایسے ہی لکھیں جس طرح ظاہر کیا گیا ہے۔

☆ اس تیرہ خانے کے نقش کا میزان ۱۶۵۲/ ہے جو مؤکل کے قمری اعداد ہیں۔ یہ بہت جلالی نقش ہے کیونکہ مؤکل کا جو ہے۔ ۲۳۰/ سے شروع کر کے ۲۴۲/ تک ترتیب سے ہندسے پر کردیں اور چاروں طرف مؤکل کا نام لکھیں پھر لپیٹ کر بازو پر باندھ لیں یا پاس رکھیں۔

پیشکش ٹیم تجلیات گروپ پاکستان

۷۸۶

			۲۳۰			
			۲۳۱			
			۲۳۲			
۲۳۹	۲۳۸	۲۳۷	۲۳۶	۲۳۵	۲۳۴	۲۳۳
			۲۴۰			
			۲۴۱			
			۲۴۲			

یَا زُلْبُجْغَاقُ

☆ یہ مقالہ بھی دیگر مقالاجات کی طرح بہت طویل ہے۔ مضمون ہذا اس کی قسط اول کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ آئندہ اقساط میں مزید بے شمار مخفی پہلوؤں کا بیان ہوتا رہے گا اور عظیم الشان اعمال بھی پیش کئے جاتے رہیں گے۔ احباب نے اپنی آراء سے مجھے خوش نہ کیا تو نہ صرف مزید اقساط روک دی جائیں گی بلکہ شاید یہ بھی ڈلیٹ کردوں اور اجازت بھی ختم کردوں گا۔ اب فیصلہ آپ کے اپنے ہاتھوں میں ہے شکریہ والسلام

دعا گو فقیر سائرؔ واسطی شاہ جمالی غفرلہٗ

پیشکش ٹیم تجلیات گروپ پاکستان